لاہور (رپورٹ، محمد بابر) پاکستان کرکٹ بورڈ نے آج 2024-25 مینز ہوم انٹرنیشنل کرکٹ سیزن کی تفصیلات کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم اس سیزن میں تین ٹیسٹ سیریز کھیلنے کے ساتھ ساتھ چیمپئنز ٹرافی سے قبل سہ فریقی ون ڈے سیریز بھی کھیلے گی جو 21 سال میں اس کی پہلی سہ فریقی ون ڈے سیریز ہوگی۔ ہوم انٹرنیشنل سیزن کا آغاز بنگلہ دیش کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے ہوگا جو راولپنڈی میں 21 سے 25 اگست تک اور کراچی میں 30 اگست سے 3 ستمبر تک کھیلے جائیں گے۔ اس کے درمیان پاکستان انگلینڈ کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی میزبانی کرے گا جو ملتان میں 7 تا 11 اکتوبر کراچی میں 15 تا 19 اکتوبر اور راولپنڈی میں 24 تا 28 اکتوبر کھیلے جائیں گے جبکہ ویسٹ انڈیز کی ٹیم کراچی میں 16 تا 20 جنوری اور ملتان میں 24 تا 28 جنوری ٹیسٹ میچ کھیلے گی۔ نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے ساتھ سہ فریقی ون ڈے سیریز ملتان میں 8 سے 14 فروری تک کھیلی جائے گی۔ بنگلہ دیش نے آخری بار پاکستان میں ٹیسٹ فروری 2020 میں کھیلا تھا۔ انگلینڈ نے آخری بار پاکستان میں ٹیسٹ سیریز دسمبر 2022 میں کھیلی تھی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے آخری مرتبہ پاکستان کی سرزمین پر ٹیسٹ سیریز نومبر 2006 میں کھیلی تھی ویسٹ انڈیز کے کپتان برائن لارا اور پاکستان کے کپتان انضمام الحق تھے۔ پاکستان نے آخری مرتبہ ویسٹ انڈیز کی میزبانی اکتوبر 2016 میں متحدہ عرب امارات میں کی تھی۔ ہوم انٹرنیشنل میچز کے علاوہ پاکستان کرکٹ ٹیم آسٹریلیا زمبابوے اور جنوبی افریقہ کا دورہ کرے گی جہاں وہ 4 نومبر سے 7 جنوری کے دوران دو ٹیسٹ نو ون ڈے اور نو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلے گی۔ اگست 2024 سے مارچ 2025 کے عرصے میں پاکستان کرکٹ ٹیم نو ٹیسٹ نو ٹی ٹوئنٹی اور کم از کم چودہ ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے گی۔ ہوم انٹرنیشنل سیزن کے ساتھ ساتھ پاکستان کرکٹ بورڈ ڈومیسٹک کرکٹ سیزن کی منصوبہ بندی میں بھی مصروف ہے جن میں خواتین ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ اور ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ بھی شامل ہیں۔ بنگلہ دیش، انگلینڈ، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کے خلاف نو ٹیسٹ میچز آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2023-25 کا حصہ ہوں گے۔ کراچی، ملتان اور راولپنڈی میں سات ٹیسٹ اور پانچ ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے جائیں گے۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں اس وقت آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں نئے سرے سے ڈیزائن اور تعمیر نو کا کام جاری ہے لیکن توقع ہے کہ 19 فروری سے 9 مارچ تک زیادہ تر ہائی پروفائل میچز کے لیے اسٹیڈیم تیار ہوگا۔ پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی کا کہنا ہے ''ہمارے لیے 2024-25 کے ہوم انٹرنیشنل کرکٹ سیزن کو حتمی شکل دینا اور اس کا اعلان کرنا انتہائی اہم تھا۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ مردوں کی کرکٹ ٹیم کی مینجمنٹ اور پی سی بی اینوٹ اسٹاف کے پاس ان سیریز کی تیاری، منصوبہ بندی اور ہماری بہت زیادہ توقعات اور معیار پر پورا اترنے کے لیے کافی وقت ہے جس سے پاکستان کے ایک بہترین کرکٹ قوم اور پی سی بی کے ایک مکمل پیشہ ور ادارے کی مکمل عکاسی ہوتی ہے۔ محسن نقوی نے کہا ''ہوم انٹرنیشنل میچوں کے مکمل شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے ہم اپنے پرجوش مقامی اور سفر کرنے والے کرکٹ کے شائقین کو ان کی تعطیلات کی منصوبہ بندی کے لیے مدعو اور حوصلہ افزائی بھی کر رہے ہیں۔ وہ نہ صرف دلچسپ کرکٹ سے محظوظ ہوں گے بلکہ انہیں اس خوبصورت ملک کی سیر کرنے کا موقع بھی ملے گا جس کے پاس پیش کرنے کے لیے بہت کچھ ہے۔ انہوں نے کہا آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 سے قبل پانچ کرکٹ کھیلنے والے اہم ممالک کی ٹیموں کے دورے جس کے بعد چیمپئنز ٹرافی میں سات ممالک کی شرکت یعنی ان آٹھ ماہ میں بارہ ٹیموں کی میزبانی بین الاقوامی کرکٹ میں پاکستان کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتی ہے۔ ہم ان ٹیموں اور کھلاڑیوں کی شرکت کو دل کی گہرائیوں سے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جو ہمارے میدانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ اور مسابقتی جذبہ لائے گی۔ یہ میچ صرف کھیلوں کے مقابلے نہیں ہیں، یہ ہماری قوم کی کھیل سے ہماری محبت اور ہمارے عزم کا ثبوت ہیں۔ پاکستان کرکٹ برادری کا ایک اہم رکن ہے اور کھیل کے فروغ اور ترقی میں آئی سی سی اور اس کے تمام اراکین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ پی سی بی اور پاکستانی کرکٹ شائقین کی جانب سے، میں اگلے آٹھ مہینوں میں تمام شرکاء کا خیر مقدم کرنے کا منتظر ہوں۔



لاہور: ڈائریکٹر جنرل سپورٹس بورڈ پرویز اقبال نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جمنازیم ہال میں سمر سپورٹس کیمپ کا معائنہ کر رہے ہیں

ممبئی میں شاندار استقبال کے بعد ویرات کوہلی فیملی کیلئے لندن روانہ





نئی دہلی (این این آئی) بھارتی معروف کرکٹر وسابق کپتان ویرات کوہلی ممبئی میں اپنے شاندار استقبال کے بعد رات گئے لندن روانہ ہو گئے۔ ویرات کوہلی ناصرف ایک بہترین کھلاڑی بلکہ اپنی فیملی کو ہر چیز پر فوقیت دینے والے حساس شوہر اور والد بھی ہیں۔ ویرات کوہلی اور ان کی اہلیہ، اداکارہ انوشکا شرما کی اکثر اوقات ہی کھیل کے میدان سے اشاروں میں باتیں کرتے ہوئے ویڈیوز وائرل ہوتی رہتی ہیں۔ حال ہی میں بلے باز نے محبت کی اور مثال اس وقت قائم کی جب سارا بھارت اور بھارتی کرکٹ ٹیم ٹی 20 ورلڈ کپ کی جیت کا جشن منا رہی تھی اور ویرات کوہلی اپنی اہلیہ اور بچوں کے ساتھ ویڈیو کال پر مصروف تھے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ویرات کے لیے سب سے اہم اور ضروری اُن کی فیملی ہے۔ گزشتہ روز بھی ویرات کوہلی ممبئی میں 'وکٹری پریڈ' سے قبل ہی بارباڈوس سے بھارت پہنچے تھے۔ شاندار استقبال اور بعد ازاں ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں بھارتی ٹیم کے اعزاز میں منعقدہ کی گئی 'وکٹری پریڈ' کی تھکا دینے والی تقریب کے بعد رات گئے کرکٹر فیملی سے ملنے کے لندن روانہ ہو گئے۔ ممبئی ایئرپورٹ سے ویرات کوہلی کی ویڈیوز وائرل ہیں جن میں انہیں گاڑی سے اترتے ایئرپورٹ کے اندر جاتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ویرات کوہلی کو اس دوران بھی میڈیا نے گھیر لیا اور تصویروں کو مطالبہ کیا۔ تھکن سے چور ویرات کوہلی نے رپورٹرز کو نظر انداز کرنے کے بجائے انہیں مختصر سا جواب دینا ضروری سمجھا۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ویرات کوہلی رپورٹر سے کہہ رہے ہیں کہ 'بس بئی بس، پورا دن گزر گیا سوئے نہیں یار۔

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز ٹورنامنٹ میں پاکستان چیمپئنز نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کو 30 رنز سے شکست دے دی

برمنگھم (این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز ٹورنامنٹ میں پاکستان چیمپئنز نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کو 30 رنز سے شکست دے دی۔ برمنگھم میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 194 رنز بنائے۔ پاکستان چیمپئنز کی جانب سے شعیب ملک 54 رنز بنا کر نمایاں رہے، اس کے علاوہ شرجیل خان 35، عامر یامین 29 اور شاہد آفریدی نے 16 رنز بنائے۔ 195 رنز کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز چیمپئنز کی ٹیم 9 وکٹ پر 165 رنز بنا سکی، ڈوائن اسمتھ 65 اور جوناتھن کارٹر 34 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ پاکستان چیمپئنز کی جانب سے سہیل تنویر نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ شاہد آفریدی 3 اور وہاب ریاض نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کی ٹورنامنٹ میں یہ مسلسل دوسری کامیابی ہے، اس سے قبل گرین شرٹس نے آسٹریلیا کو ہرایا تھا۔

انٹرڈیپارٹمنٹل نیشنل (ایشین سٹائل) کبڈی چیمپئن شپ 12 جولائی سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) انٹر ڈیپارٹمنٹل نیشنل (ایشین سٹائل) کبڈی چیمپئن شپ 12 جولائی سے لیاقت جمنازیم، اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے سات مختلف ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان واپڈا، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پاکستان ریلوے اور پاکستان پولیس کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ کا فائنل میچ 14 جولائی کو کھیلا جائے گا جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کا بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹنس سمر سپورٹس کیمپس کا معائنہ

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام ہونیوالے بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹنس سمر سپورٹس کیمپس کا دورہ کیا ہے، نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس جمنیزیم ہال میں بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس کے سمر کیمپس کا معائنہ کرتے ہوئے بچوں اور ان کے والدین سے کیمپ میں دی جانے والی سہولیات کے بارے دریافت کیا ہے، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کے ہمراہ ڈائریکٹر ایڈمن محمد نکلیم، ڈائریکٹر سپورٹس یاسمین اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر چاند پروین، ایڈمنسٹریٹر جمنیزیم ہال مصطفیٰ شاہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے کہا کہ سمر سپورٹس کیمپس میں سکول جانے والے سینکڑوں بچوں کو مختلف کھیلوں کے کیمپس میں حصہ لیتے ہوئے دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے، ایسا لگتا ہے کہ پنجاب حکومت کا اس سمر کیمپ کے انعقاد کا مقصد پورا ہو رہا ہے، بچے اور ان کے والدین سمر سپورٹس کیمپس کے انتظامات اور کوچنگ کے معیار سے بہت خوش اور مطمئن ہیں، ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے مزید کہا ہے کہ سپورٹس بورڈ پنجاب نے لاہور میں 12 گیمز کے سمر سپورٹس کیمپس کا اہتمام کیا ہے جس میں کوالیفائیڈ کوچز اور ٹرینرز کیمپس میں بچوں کو تربیت دے رہے ہیں، کچھ بچے پہلی بار کسی کھیل کی سرگرمی میں حصہ لے رہے ہیں اور وہ ہمارے ماہر کوچز سے کھیلوں کی بنیادی تیکنیکس سیکھ رہے ہیں۔

کوپا امریکا 2024ء، لیونل میسی کی ارجنٹینا نے سیمی فائنل میں کوالیفائی کر لیا

نیویارک (این این آئی) کوپا امریکا 2024ء کے پہلے کوارٹر فائنل میں دفاعی چیمپئن ارجنٹینا، پینلٹیز شوٹ آؤٹ پر ایکواڈور کو 2-4 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا۔ پہلے ہاف کے 35 ویں منٹ میں ارجنٹینا کو لیساندرو مارٹینیز کے گول کی بدولت برتری حاصل ہوئی جو کہ مقررہ وقت تک قائم رہی اور ارجنٹینا جیت کے قریب تھی لیکن انجری ٹائم کے پہلے ہی منٹ یعنی 1+90 منٹ میں ایکواڈور نے گول اسکور کر کے مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا۔ میچ میں 30 منٹ کا اضافی وقت ملا جس میں دونوں ٹیمیں گول اسکور نہیں کر پائیں، اور میچ پینلٹیز شوٹ آؤٹ پر چلا گیا۔ لیونل میسی انجری کے باعث پیرو کے خلاف آخری گروپ میچ میں شرکت نہیں کر پائے تھے لیکن اس میچ میں انہوں نے قومی ٹیم کی طرف سے کھیلا لیکن وہ گول اسکور نہیں کر پائے۔ کپتان لیونل میسی سب سے پہلے پینلٹی لینے آئے لیکن انہوں نے پینلٹی کِک ضائع کر دی، اس کے بعد فیفا ورلڈ کپ فائنل کے ہیرو ارجنٹائن گول کیپر ایمی مارٹینیز نے یکے بعد دیگرے دو پینلٹیز سیو کر کے 2-4 سے جیت کو یقینی بنایا۔



انڈین اور ساتھ افریقی ویمن کرکٹ ٹیم کی کپتان ٹاس کے موقع پر مصافحہ کر رہے ہیں

بابر اعظم کو سپورٹ کم ملتی ہے تنقید زیادہ ہوتی ہے، شین ینگ

لاہور (میاں شہروز) آسٹریلوی پاور ہٹنگ کوچ شین ینگ نے کہا ہے کہ بابر اعظم کو سپورٹ کم ملتی ہے اور تنقید زیادہ ہوتی ہے۔ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شین ینگ نے کہا کہ لاہور میں مجھے ایک کپتان سے ملنے کی امید تھی، میں نے دو کپتانوں سے ملاقات کی، اظہر علی اور بابر اعظم سے ملاقات ہوئی۔ شین ینگ نے کہا کہ اظہر علی نے شاندار اکیڈمی بنائی ہے، بابر اعظم جیسا کھلاڑی ابھی آسٹریلیا میں ہوتا تو ہم اسے تنقید نہیں سپورٹ کر رہے ہوتے، آسٹریلیا میں بڑے پلیئر کو عزت دی جاتی ہے جبکہ پاکستان میں زیادہ تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کیونکہ ورلڈ کلاس پلیئر ہے شاید اس لیے پاکستانی عوام کی توقعات بھی زیادہ ہیں۔ شین ینگ نے کہا کہ ماضی میں کئی مرتبہ کرکٹرز کے ساتھ بھارت کا دورہ کر چکا ہوں، میں نے ہمیشہ پاکستان آنا چاہا اور اب مجھے موقع مل رہا ہے، آسٹریلوی کرکٹرز کو پاکستان پسند ہے، کرکٹ کے لیے ایک دو دوروں کے لیے پُرامید ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ماڈرن ڈے کرکٹ اور ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی وجہ سے پاور ہٹنگ کو چنگ کی طرف جا رہی ہے۔

پاکستان نے ایشین ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنالی

ریاض (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے سعودی عرب میں جاری ایشین ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ سیمی فائنل میں پاکستان نے ہانگ کانگ کو شکست دی، اس سے قبل پاکستان نے کوارٹر فائنل میں انڈیا کو شکست دی تھی۔ اسجد اقبال اور اویس منیر پر مشتمل ٹیم پاکستان سیمی فائنل میں ہانگ کانگ کیخلاف تین۔ ایک سے فتحیاب ہوئی۔ سیمی فائنل کے پہلے سنگل میں اسجد اقبال کو 72-47 سے شکست ہوئی تھی لیکن اویس منیر نے اپنا فریم 40-88 سے جیت کر مقابلہ ایک، ایک سے برابر کیا۔ اس کے بعد ڈبلز کے فریم میں پاکستان نے 99 کا کلیئرس بریک کھیلتے ہوئے برتری حاصل کی۔ اسجد اقبال نے اپنے دوسرے سنگل میں مینسن وان کو 82-28 سے شکست دی اور پاکستان کیلئے تین۔ ایک کی فتح مکمل کی۔ اس سے قبل پاکستان نے کوارٹر فائنل میں انڈیا 2 کو شکست دی تھی۔ انڈیا 2 کو پاکستان ٹیم نے تین۔ صفر سے آؤٹ کلاس کیا تھا۔ انڈیا کیخلاف پاکستان کی جیت کا اسکور 35-63، 22-75 اور 06-70 رہا۔ ٹیم چیمپئن شپ کے فائنل میں کل پاکستان کا مقابلہ تھائی لینڈ سے ہوگا۔ پاکستان ایشین 6 ریڈ اور ایشین انڈر 21 چیمپئن شپ بھی جیت چکا ہے۔

اولمپک ڈے کے حوالے سے اسلام آباد میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) اولمپک ڈے کے حوالے سے اسلام آباد میں ایک پروقار تقریب پاکستان سپورٹس بورڈ کے میڈیا سنٹر میں منعقد ہوئی۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈی جی شاہد اسلام مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع پر پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر (ایڈمن) احتشام الحق، پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا، اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری رضوان الحق کے علاوہ مختلف کھیلوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

سلیم فارانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ محرم الحرام کے باعث ملتوی کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سلیم فارانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ محرم الحرام کے باعث ملتوی کر دیا گیا ہے۔ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کے راجہ اشتیاق احمد نے بتایا کہ سلیم فارانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ 7 جولائی سے میونسپل سٹیڈیم راولپنڈی میں شروع ہونا تھا لیکن محرم الحرام کے باعث ملتوی کیا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کی نئی تاریخ کا اعلان آئندہ چند دنوں بعد کر دیا جائے گا۔ اور چیمپئن شپ میں راولپنڈی کی فٹ بال کلبوں کے رجسٹرڈ کھلاڑی حصہ لیں گے۔ اور ٹورنامنٹ میں ڈیپارٹمنٹ کے کھلاڑی حصہ نہیں لے سکیں گے۔







عروہ کی سالگرہ پر بہن ماورا کی جذباتی پوسٹ



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ عروہ حسین کی سالگرہ کے موقع پر ان کی بہن ماورا حسین نے جذباتی پوسٹ شیئر کر دی۔ گزشتہ دنوں عروہ حسین نے اپنی 33 ویں سالگرہ منائی اس موقع پر ان کی چھوٹی بہن ماورا حسین نے ایک پوسٹ شیئر کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مذکورہ پوسٹ میں ماورا حسین نے تین تصاویر شیئر کیں جن میں پہلی تصویر میں وہ عروہ کی بیٹی اور اپنی بھانجی کے ہمراہ نظر آئیں، دوسری تصویر میں وہ عروہ حسین کے ساتھ لپٹی ہوئی دکھائی دیں جبکہ تیسری تصویر دونوں بہنوں کے بچپن کی ہے۔ ماورا حسین نے پوسٹ کے کیپشن میں اپنے ایک طویل پیغام میں لکھا کہ آرا کی ماما اور میری بہن کو سالگرہ مبارک! ہم اب تمہیں کوئی بڑا قیمتی تحفہ نہیں دے سکتے کیونکہ تم نے ہمیں دنیا کا سب سے قیمتی تحفہ اس سال دے دیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ میں اب پہلے سے بھی زیادہ تمہارے لیے اب یہ دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ تمہیں صحت اور تندرستی سے بھری لمبی عمر عطا کرے تاکہ ''آرا'' ہمیشہ تمہارے سائے میں بڑی ہو سکے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم نے ایک ساتھ زندگی کے حسین و یادگار لمحات گزارے ہیں لیکن زندگی کا یہ نیا سفر جس میں ہم ایک چھوٹی سی بچی کی ماما اور خالہ ماما بن گئے ہیں بے انتہا خاص ہے۔

میں اپنے بچوں کا بچا ہوا کھانا کھاتی ہوں، کرینہ کپور



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی بے بو معروف اداکارہ کرینہ کپور کا کہنا ہے کہ وہ اپنے بچوں کا بچا ہوا کھانا کھاتی ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق کرینہ کپور اکثر و بیشتر اپنے کھانے پینے کے حوالے سے پوسٹ سوشل میڈیا پر شیئر کرتی رہتی ہیں۔ فٹنس کا خیال رکھنے والی اداکارہ فلم سیٹ پر پیزا پارٹی کرتی ہیں لیکن گھر پر عام ماؤں کی طرح اپنے بچوں کا بچا ہوا کھانا کھاتی ہیں۔ اس حوالے سے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر کرینہ کپور نے اسٹوری شیئر کی جس میں انہوں نے اپنے بچوں کی آدھی بچی ہوئی پلیٹوں کی تصویر شیئر کی۔ تصویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پلیٹوں میں آدھا پین کیک، ایک پیالے میں اسٹرابیری اور ایک میں کریم موجود ہے۔ اداکارہ نے ساتھ ہی کیپشن میں بتایا کہ میں وہ ماں ہوں جو اپنے بچوں کا بچا ہوا کھاتی ہوں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے چند ایموجیز کا بھی اضافہ کیا۔ خیال رہے کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے جب کرینہ نے اپنے بچوں کا بچا ہوا کھانا کھانے کا اعتراف کیا ہو بلکہ اس سے قبل گزشتہ برس بھی انہوں نے پوسٹ کر کے مداحوں کو بتایا تھا کہ ہمیشہ انہیں ہی ان کا بچا ہوا ناشتہ ختم کرنا پڑتا ہے۔ واضح رہے کہ سیف علی خان نے کرینہ کپور سے دوسری شادی 2012 میں کی تھی۔ ان دونوں کے دو بیٹے ہیں۔ بڑا بیٹا تیمور علی خان، جس کی پیدائش دسمبر 2016 جبکہ دوسرے بیٹے جہانگیر علی خان عرف 'جے' کی پیدائش فروری 2021 میں ہوئی تھی۔ سیف علی خان کے مجموعی طور پر چار بچے ہیں۔

جوانی میں خواتین سے بات کرتے ہوئے ڈر لگتا تھا، دلیپ جوشی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کے مشہور کامیڈی ڈرامہ ''تارک مہتا کا الٹا چشمہ'' میں جیٹھا لال کا کردار ادا کرنے والے اداکار دلیپ جوشی نے خود سے متعلق ایک انکشاف کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں دلیپ جوشی نے انکشاف کیا کہ اپنی جوانی کے دنوں میں وہ خواتین سے بات چیت کرتے ہوئے ڈرتے تھے اور اعتماد کی کمی کا شکار رہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں لڑکوں کے اسکول میں پڑھتا تھا، مجھے لڑکیوں سے بات چیت کرنے کا طریقہ معلوم نہیں تھا اس لیے مجھے لڑکیوں سے بات کرتے وقت ڈر لگتا تھا اور پھر اداکاری میں آنے کے بعد مجھے خود پر اعتماد حاصل ہوا۔ ''تارک مہتا کا الٹا چشمہ'' بھارت میں چلنے والا سب سے لمبا ڈرامہ ہے، دلیپ جوشی نے اس ڈرامے میں جیٹھا لال کا اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ ڈرامے میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والوں میں شامل ہیں۔

ٹام کروز کی اپنی بیٹی سوری کے ساتھ اختلافات کی وجہ سامنے آ گئی

نیویارک (شوبز ڈیسک) ٹام کروز نے اپنی بیٹی سوری کے ساتھ بگڑتے تعلقات پر ایک بڑا فیصلہ کیا ہے۔ 'ٹاپ گن اسٹار' کی اپنی 18 سالہ بیٹی کے ساتھ علیحدگی کی افواہوں کو ہوا مل رہی ہے کیونکہ وہ حال ہی میں بیٹی کی ہائی اسکول کی گریجویشن تقریب سے غیر حاضر تھے۔ میڈیا ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹام کروز اپنے اہل خانہ کو سائنٹولوجی کو اپنا واحد مذہب ماننے پر مجبور کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے درمیان اختلافات پیدا ہو گئے ہیں۔ سائنٹولوجی کے ماہر ٹونی اورٹیگا کا کہنا تھا کہ ٹام نے بار بار ثابت کیا ہے کہ ان کی نمبر ون وفاداری ان کے مذہب اور ڈیوڈ مسکاویچ کے ساتھ ہے۔ مشن امپوسیبل آئیکون نے 31 سالہ بیلا اور 29 سالہ کونر سے شادی کے بعد سے اپنے بچوں کے ساتھ رابطہ برقرار رکھا ہے، جن کا تعلق ان کے مذہب سے ہے۔

عمیر جیسوال کی کافی دن بعد ذومعنی اسٹوری سامنے آ گئی

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی معروف گلوکار، خوبرو اداکارہ ثناء جاوید کے سابق شوہر اداکار، گلوکار و نغمہ نگار عمیر جیسوال نے طلاق کے بعد اللہ تعالیٰ پر کامل یقین رکھنے کی تلقین کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ٹوٹے ہوئے دل کے مالک وگلوکار نے اسٹوری شیئر کر کے اپنے فالوورز کو ہمت و حوصلہ بلند رکھنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ رکھنے کی تلقین بھی کی۔ انہوں نے مختلف انسٹا اسٹوری شیئر کی ہیں، یوں تو وہ اکثر و بیشتر اپنے جم سیشن کی تصاویر و ویڈیوز شیئر کرتے رہتے ہیں لیکن اس بار انہوں نے مختلف حوالے شیئر کئے ہیں۔ پہلی انسٹا اسٹوری میں انہوں نے جو تصویر شیئر کی ہے اس پر لکھا کہ آپ ایک قطرے کے منتظر ہوں وہ آپ کے لیے سمندر تیار کر رہا ہو۔

امبانی کے بیٹے کی شادی میں پرفارمنس، جسٹن بیبر نے معاوضے میں ریانا کو بھی پیچھے چھوڑ دیا



ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کے ارب پتی تاجر مکیش امبانی کے چھوٹے بیٹے آننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی پری ویڈنگ تقریبات میں پرفارم کرنے کیلئے معروف پاپ گلوکار جسٹن بیبر نے معاوضے کیمعاملے میں نامور گلوکارہ ریانا کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق جسٹن بیبر امبانیوں کی شادی میں پرفارم کرنے کیلئے نامور گلوکارہ ریانا، بیونسے اور ایکون سے بھی زیادہ معاوضہ وصول کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق معروف کینیڈین پاپ گلوکار جسٹن بیبر کو آننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی پروی ویڈنگ تقریب میں پرفارم کرنے کیلئے 83 کروڑ بھارتی روپے (تقریباً 2 ارب 76 کروڑ 88 لاکھ سے زائد پاکستانی روپے) معاوضہ دیا جا رہا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق جسٹن بیبر آننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی پری ویڈنگ تقریبات میں شرکت کیلئے ممبئی پہنچ چکے ہیں اور وہ ممبئی میں امبانی خاندان کی رہائش گاہ اینٹیلیا میں 5 جولائی کو جوڑے کے سنگیت کی تقریب میں پرفارم کریں گے۔ اس سے قبل جام نگر میں آننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی پری ویڈنگ تقریبات میں پرفارم کرنے کیلئے نامور گلوکار ریانا نے 74 کروڑ، ایکون نے 2 سے 4 کروڑ بھارتی روپے وصول کیے تھے۔ پری ویڈنگ کے دوسرے دور میں پرفارم کرنے کیلئے گلوکارہ شکیرا نے 10 سے 15 کروڑ اور کیٹی پیری نے پری ویڈنگ کروز میں پرفارم کرنے کیلئے 45 کروڑ بھارتی روپے معاوضہ وصول کیا تھا۔

جاوید کے ساتھ افیئر پر ہنی ایرانی مایوس اور تلخ ہو گئی تھیں، شبانہ اعظمی



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی سینئر اور ورسٹائل اداکارہ شبانہ اعظمی نے کہا ہے کہ ان کے اور جاوید اختر کے درمیان افیئر کا جب جاوید اختر کی پہلی بیوی ہنی ایرانی کو پتہ چلا تو وہ کافی مایوس اور تلخ ہو گئی تھیں، وہ سمجھنے لگیں کہ انھیں ٹھکرا دیا گیا ہے۔ گو کہ جاوید اختر سے شادی کے بعد شبانہ اعظمی نے انکے دونوں بچوں فرحان اختر، زویا اختر اور ہنی ایرانی کے ساتھ متوازن تعلقات استوار کیے لیکن شروع میں کشیدگی برقرار رہی۔ واضح رہے کہ 74 سالہ شبانہ اعظمی کی دسمبر 1984 میں جاوید اختر سے شادی ہوئی تھی۔ شبانہ اعظمی نے ان خیالات کا اظہار دی انوسیبل سیریز سیزن ٹو کے بات چیت کے پروگرام کے دوران میزبان اداکار راز خان سے گفتگو میں کیا۔ انکا کہنا تھا کہ اس دوران کافی جھگڑے اور ناپسندیدہ صورتحال بھی پیدا ہوئی۔ تاہم میں خوش ہوں کہ میری زویا اور فرحان کے ساتھ بڑے اچھے تعلقات رہے اور میں اسکا کریڈٹ ہنی ایرانی کو دیتی ہوں، کیونکہ بچے چھوٹے تھے اور ہنی کیلئے یہ آسان تھا کہ وہ انھیں ہم سے دور کر دیتیں۔ لیکن انھوں نے ایسا کبھی نہیں کیا بلکہ انھوں نے بچوں کے ہمارے ساتھ رہنے کی حوصلہ افزائی کی۔ یہ انکی فیاضی تھی اور آج ہمارے درمیان بہت اچھے تعلقات ہیں۔ شبانہ اعظمی نے کہا کہ مجھے معلوم ہے آدھی رات کو بھی ہنی کو کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ جاوید سے بات کرتی ہیں اور و

قوت لاہور
صنعت و تجارت نیوز
معیشت نامہ

فنانس ایکٹ 2024، ایف بی آر ایس آر اوز کاروبار کی بندش کا سبب بنیں گے: لاہور چیمبر

کاروبار مناقی ٹیکس رجیم سے سرائے اور انسانی وسائل کی بیرون منتقلی کا رجحان بڑھ گیا، جو معیشت کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے: کاشف انور

کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ فنانس ایکٹ 2024 اور ایف بی آر کی جانب سے حال ہی میں جاری کردہ ایس آر اوز میں ترامیم سے متعلق کاروباری برادری کے خدشات کو دور کرے کیونکہ ان سے ٹیکس قواعد و ضوابط پر عمل کرنے والے کاروباری شعبہ جات بھی متاثر ہوں گے۔ زبیر عظیم چیئرمان لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے صدر مملکت اور وزیر خزانہ کے نام ایک خط میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے حکومت پر زور دیا کہ وہ ٹیکس دہندگان کو پریشان کرنے کے بجائے ایف بی آر کے اندرونی نظام میں چیک اینڈ بیلنس بہتر کیا جائے۔ کاشف انور نے کہا کہ فنانس ایکٹ 2024 کے مطابق، بیکشن 73 کے تحت نقد ادائیگیوں کی حد 50,000 سے کم کر دی گئی ہے جو کہ افراط زر کی شرح کے مطابق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آر او 350 (2024)/1 مورخہ 7 مارچ 2024 نے خریداروں پر ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی صلاحیت کو ان کے سپلائرز سے مشکل کر دیا ہے۔ یعنی اگر کوئی سپلائر انکم ریٹرن فائل نہیں کرتا ہے، تو بعد ازاں خریدار بھی اپنی سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کرنے سے قاصر ہوگا یہ اسے ریٹرن فائل کرنے کے لیے پہلے سے ادا کردہ مختلف ان پٹ ٹیکس چھوڑنا پڑے گا جو درست نہیں اور اس سے کاروبار متاثر ہوگا۔ کاشف انور نے کہا کہ حکومت ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے لیے ٹیکس دہندگان کا حوصلہ افزائی کرے۔ انہوں نے امید کی کہ وزیر اعظم سیلز ٹیکس ایکٹ 2024 اور ایس آر او 5.2 ایڈوانس ٹیکس مینوفیکچررز کے لیے اضافی بوجھ کو ختم کرنے کا حکم دیں گے۔ انہوں

روزنامہ "قوت" لاہور (7) 6 جولائی 2024

"قوت" کلاسیفائیڈ

قوت

ہمارے ساتھ آپ بھی اپنا کاروبار رجسٹر کروا سکتے ہیں

ہمارے ساتھ آپ بھی اپنا کاروبار رجسٹر کروا سکتے ہیں

ہمارے ساتھ آپ بھی اپنا کاروبار رجسٹر کروا سکتے ہیں

042-3636003

تقریب — 1

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: نصرین اختر زوجہ محمد تصور عرف کاکو مرحوم اکرم

وارثان: زبیدہ والدہ، کنور محمد اکرم والد متوفیہ بعد میں پہلے فوت شدہ، کنور محمد اکرم والد متوفیہ بعد میں فوت شدہ۔

زندہ: محمد عریم اقبال، کنور عبدالرحمن، کنور محمد راشد علی، کنور مدثر علی پسران متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 2

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 3

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 4

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 5

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 6

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 7

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 8

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھلوال

مختصر:

متوفی: بشیر علی ولد نور علی

وارثان: اولاد علی ولد اللہ دتہ، نور بخش ولد اللہ دتہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: انور بی بی بیوہ، محمد عارف، محمد آصف پسران، صوبہ دار محمد شریف دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعد از سات یوم قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط معہ عدالت سے جاری ہوا۔

تقریب — 9

بعدالت جناب شائق نوشہ سیوپتے کار پردیس فیروز والہ تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ دگری تنخ فاتح

بنام: مسلمات قرطاب، ضلع شیخوپورہ۔

بنام: کہ میرا قبضہ مکمل گرانی دلدل حسن شاہ مصری ہے، مکان نمبر 47 عہ 5 مرلہ شرف آباد کالونی شاہدان بلا ہمراہ محمد حسن سید شاہ قبضہ مکمل گرانی کے ساتھ ہے، مکان کی حدود اربعہ مشرق: راستہ، مغرب: مکان نمبر 46، شمال: مکان نمبر 48، جنوب: راستہ، میرا قبضہ مکمل گرانی ہے، میرا قبضہ مکمل گرانی ہے، میرا قبضہ مکمل گرانی ہے

صوبائی وزیر ریمش سنگھ اروڑہ کی ایس چیئرمین پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی جہاں آرا سے ملاقات

صوبائی وزیر ریمش سنگھ نے جہاں آراء اوران کی ٹیم سے ملاقات میں اتھارٹی کے تحت چلنے والے مختلف پروگراموں میں مذہبی اقلیتوں کو شامل کرنے پر زور دیا

مذہبی تہواروں پر گرانٹس اور راشن کی تقسیم میں بھی مل کر ایک حکمت عملی طے کی جائے اور دونوں محکمے مل کر آگے بڑھیں تو اقلیتوں کے لیے تبدیلی لازمی ہو سکے گی، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار ریمش سنگھ اروڑہ نے پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کا دورہ کیا، جہاں وائس چیئرمین اتھارٹی جہاں آراء سے ملاقات میں اتھارٹی کی ٹیم نے صوبائی وزیر کو پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کے تحت چلنے والے مختلف پروگراموں سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے اقلیتی برادری کے لیے تجاویز دیتے ہوئے کہا کہ مذہبی تہواروں پر گرانٹس اور راشن کی تقسیم میں بھی مل کر ایک حکمت عملی طے کی جائے اور دونوں محکمے مل کر آگے بڑھیں تو اقلیتوں کے لیے تبدیلی لازمی ہو سکے گی، صوبائی وزیر نے پروگراموں میں مذہبی اقلیتوں کو شامل کرنے پر زور دیا۔ وفد نے اپنی ٹیم کے اہم اراکین سے صوبائی وزیر کا تعارف کروایا۔ صوبائی وزیر نے ملاقات میں اتھارٹی کی ٹیم سے ملاقات میں اتھارٹی کے تحت چلنے والے مختلف



صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار ریمش سنگھ اروڑہ نے پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

کراچی کے داخلی راستوں پر چیک پوسٹیں قائم، اسنیپ چیکنگ شروع

سندھ حکومت نارکوٹکس کنٹرول ونگ کو زیادہ مضبوط بنانا چاہتی ہے تاکہ منشیات کراچی نہ لائی جاسکیں، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی ہدایت پر کراچی کے داخلی راستوں پر چیک پوسٹیں قائم کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔اس اقدام کا بنیادی مقصد شہر میں منشیات کی آمد روکنا ہے۔ساتھ ہی ساتھ اس کے ذریعے امن وامان کا معیار بلند کرنے میں بھی مدد ملے گی۔شہر میں غیر قانونی اسلحے کی روک تھام کے لیے بھی چیک پوسٹیں قائم کرنا زیر غور ہوگا تھا۔کراچی کے داخلی راستوں پر قائم کی جانے والی ان چیک پوسٹوں پر

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 35

رکن قومی اسمبلی عمر فاروق کا نام ای سی ایل سے نکلوانے کی درخواست پر رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سٹی اتحاد کونسل کے رکن قومی اسمبلی عمر فاروق کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) سے نکلوانے کی درخواست پر ڈائریکٹر پاسپورٹ اینڈ امیگریشن سے 9 جولائی کو رپورٹ طلب کرلی۔جسٹس شہرام سرود چوہدری نے عمر فاروق کی درخواست پر سماعت کی۔وفاقی وکیل کا کہنا تھا کہ درخواست گزار کا نام ای سی ایل لسٹ میں شامل ہو گیا ہے۔وکیل درخواست گزار کا کہنا تھا کہ درخواست گزار ملک سے باہر جانا چاہتے مقدمہ اور اکھوائر کی شروع کر دیا گیا، عدالت اس کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ سے نکالنے کا حکم دے۔

عمران خان کی بیٹوں سے بات کرنے کی درخواست، جیل انتظامیہ کو نوٹس جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے سابق وزیراعظم عمران خان کی بیٹوں سے بات کروانے کے لیے دائر درخواست پر جیل انتظامیہ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 8 جولائی کو طلبی کردی۔انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی میں درخواست کی سماعت ہوئی، سماعت کے آغاز پر درخواست میں حقائق کے خلاف اسٹار جرنل اور گنگنگ تلفیوں پر پی ٹی آئی کے وکیل نبیل سنتی ایڈووکیٹ نے درخواست واپس لے لی۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس فورس کی ہیلتھ ویلفیئر کے لیے پرعزم

دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے بہادر اور قابل جوانوں کے علاج معالجے کیلئے 20 لاکھ روپے سے زائد نقد زیارتی

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس فورس کی ہیلتھ ویلفیئر کے لئے پرعزم ہیں،لاہور سمیت مختلف اضلاع میں دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے بہادر اور قابل جوانوں کے علاج معالجے کے لئے 20 لاکھ روپے سے زائد نقد زیارتی کردیئے گئے ۔ تر جمان پنجاب پولیس کے

مطابق تمام کرداروں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔اس اقدام کا بنیادی مقصد شہر میں منشیات کی آمد روکنا ہے۔ساتھ ہی ساتھ اس کے ذریعے امن



لاہور اور مہاوی وزیر خرید کیا بال پاشی پنجاب فوڈ اتھارٹی آپریشن سکواڈ میں شامل کی جانے والی گاڑیوں کا افتتاح کررہے ہیں

خیر قانونی اسلحہ، شراب برآمدگی کیس، بلی امین گنڈاپور کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے غیر قانونی اسلحہ شراب برآمدگی کیس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کی۔علی امین گنڈاپور کے خلاف غیر قانونی اسلحہ شراب برآمدگی کیس کی ساعت ایڈیشنل سیشن جج سہیب بلال رانجھا نے کی۔اس موقع پر علی امین گنڈاپور اور تھور انسن ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔علی امین گنڈاپور کی جانب سے 342 کے سوالنامے کا جواب جمع نہ کروایا جاسکا۔

تمام مکاتب فکر کے علماء امت کو جوڑنے کا فریضہ ادا کریں، ملی یکجہتی کونسل

محرم الحرام میں وحدت، اتحاد اور ملک میں امن قائم رکھنا تمام اہل اسلام کی مشترکہ ذمہ داری ہے

لاہور (این این آئی) چیئرمین مصالحتی کمیشن ملی یکجہتی کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ تمام مکاتب فکر کے علماء امت کو جوڑنے کا فریضہ ادا کریں، محرم الحرام میں وحدت، اتحاد اور ملک میں امن قائم رکھنا تمام اہل اسلام کی مشترکہ ذمہ داری ہے، محرم الحرام میں سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ تبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 38

ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل کی زیر صدارت لینڈ ریونیو سے متعلق اجلاس

ریلوے لاہور ڈویژن کی مالی سال 2023-24 کا بڑا لینڈ ریونیو ٹارگٹ حاصل کرلیا

لاہور (نیشنل رپورٹر) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل کی زیر صدارت لینڈ ریونیو سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ریلوے لاہور ڈویژن نے مالی سال 2023-24 کا بڑا لینڈ ریونیو ٹارگٹ حاصل کرلیا ہے جو کہ ریلوے کی دیگر ڈویژنوں کی جانب سے حاصل کردہ لینڈ ریونیو سے کئی گنا زیادہ ہے۔ لینڈ ریونیو ٹیم لیڈر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آپریشن بشریٰ رحمان سمیت ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ انجینئرنگ محمد خالد خان نے

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 37



ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل لینڈ ریونیو سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مردان، تحت بائی میں دھماکا، 3 افراد جاں بحق، 7 زخمی

مردان (این این آئی) ضلع مردان کے علاقے تحت بائی میں جمالہ پل کے قریب دھماکے میں 3 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق دھماکے کی اطلاع ملتے ہی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار جائے وقوع پر پہنچے اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ سکیورٹی فورسز نے دھماکے کی تحقیقات شروع کردیں، حکام کے مطابق دھماکے میں 2 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوئے۔ ریسکیو حکام نے جاں بحق شہریوں کی

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 41

یکم تا 5 محرم عشرہ سیدہ فاروق سید حسین منائیں گے، سنی علما کونسل

پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں بھی یوم شہادت عمرؓ پر چھٹی کا اعلان کیا جائے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور شہادت عمرؓ پر چھٹی کا اعلان کیا جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ امیر المومنین، خلیفہ دوم سردار رسول ﷺ حضرت عمرؓ عشرہ کے پہلے یوم شہادت پر کے پی کے میں سرکاری چھٹی کرنے پر حکومت کو سراہتا ہوں، امام

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 39

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش، موسم خوشگوار

پنجاب کے بیشتر ڈویژنز میں طوفان کے ساتھ شدید بارشیں متوقع ہیں، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں ہفتہ کے روز گرمی کا زور ٹوٹ گیا، موسم خوشگوار ہونے سے شہریوں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے۔ جمعہ کی صبح لاہور کے مختلف علاقوں شملہ پہاڑی، لٹن چوک، ڈیوس روڈ، کینال روڈ، اچھرہ، قرطبہ چوک، چوبرجی و اطراف سمیت دیگر علاقوں میں بادل برسے جس سے درجہ حرارت میں نمایاں کمی ہوئی موسم کا حال بتانے والوں نے لاہور میں آئندہ

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 40

ای او ایف کا کریک ڈاؤن جاری، 149 کلو سے زائد منشیات برآمد، 5 ملزمان گرفتار

انچ 13 اسلام آباد کے قریب ناکہبر ین پاشندے سے 10 گرام کوکین برآمد کی گئی

گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز

لاہور (این این آئی) انٹی نارکوٹکس فورس کے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے،5 کارروائیوں میں 149 کلو سے زائد منشیات برآمد کرکے 5 ملزمان گرفتار کرلیے گئے۔ تر جمان

اے ایف کے ترجمان کاہیر ین پاشندے سے 10 گرام کوکین برآمد کی گئی

آفیسر جنرل چانڈیو پبلک ویلفیئر سیونٹ ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو شاباش دی



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے چیئرمین پبلک سروس کمیشن پروفیسر ڈاکٹر اسماء حامد چغتائی کی ملاقات

چیئرمین پبلک سروس کمیشن پنجاب ڈاکٹر اسماء حامد چغتائی کی آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ملاقات

گداگری، جبری مشقت، تشدد کا شکار بچوں کے تحفظ اور ریسکیو کیلئے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

چائلڈ لیبر ریسکیو آپریشنز کے دوران تمام اضلاع میں بیورو کی ٹیموں کو بھرپور ریسکیو فرائم کی جارہی ہے، آئی جی پنجاب

تحفظ اور ریسکیو کیلئے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق رائے کیا گیا۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ تمام اضلاع میں چائلڈ



بلوں کی عدم ادائیگی، ریڈیو پاکستان لاڑکانہ کی بجلی کٹ گئی، نشریات معطل

لاڑکانہ (این این آئی) ریڈیو پاکستان لاڑکانہ کی انتظامیہ کے مطابق بجلی نہ ہونے کے باعث نشریات 2 روز سے معطل ہیں۔ ریڈیو پاکستان لاڑکانہ کی انتظامیہ نے بھی بتایا ہے کہ بجلی کاٹے جانے کی اطلاع میڈیا کو لاڑکانہ سے دی گئی ہے۔سیپکو کے مطابق 94 لاکھ روپے کے بل کی عدم ادائیگی پر ریڈیو پاکستان لاڑکانہ کی بجلی کاٹی گئی ہے۔

ہیلتھ، روڈ سیکٹر زکی 8 ترقیاتی سکیموں کیلئے 47 ارب روپے فنڈز کی منظوری

ہیلتھ کیلئے 4 سکیموں کیلئے 40 ارب، روڈ سیکٹر کی 4 سکیموں کیلئے 7 ارب روپے کے فنڈز منظور

متعلقہ سیکرٹریز، محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024-25 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 8 ترقیاتی سکیموں کے لیے 47 ارب روپے کے خطیر فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی ایڈ ڈی سوئی سینئر منسٹر انصار عباسی نے کی۔

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 44

سی سی پی او لاہور اور ڈی آئی جی آپریشنز کا ضلع کچہری کا دورہ، ٹریفک کی روانی کے انتظامات کا جائزہ

ٹریفک وارڈنز کی کارکردگی کو سراہا، ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اور ڈی آئی جی آپریشنز ٹریفک سٹی پولیس لاہور نے ضلع کچہری کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے ٹریفک وارڈنز کی کارکردگی کو سراہا اور ٹریفک کی روانی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ سی سی پی او لاہور نے ٹریفک وارڈنز کی حوصلہ افزائی کی اور ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز ٹریفک سٹی پولیس لاہور سید حسن رضا نقوی، ایس پی ٹریفک ایسٹ ڈویژن عمر سلطان چیمہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

متحدہ عرب امارات نیم نے اسلام آباد اور کراچی ایئر پورٹس پر ایویشن سیکیورٹی بین الاقوامی معیار کی قرار دیدی

کراچی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نیم نے اسلام آباد اور کراچی ایئر پورٹس پر ایویشن سیکیورٹی بین الاقوامی معیار کی قرار دیدی۔ تفصیلات کے مطابق حکمہ سول ایوی ایشن جنرل سول ایوی ایشن اتھارٹی نیم کا جائزہ انٹرنیشنل کار ڈ مکمل ہوگیا۔

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 47



چیئرمین پنجاب ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر شاہد منیر اور کتاب کی تقریب رونمائی سے خطاب کررہے ہیں

برطانوی انتخابات، پاکستانی نژاد روزینہ ایلین خان پھر کامیاب

روزینہ ایلین خان نے 29 ہزار 209 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی، رپورٹ

کنزرویٹو پارٹی 77 اور لیب ڈیم 49 نشستوں پر کامیاب ہوئی ہے

سی سی۔ روزینہ ایلن خان نے کاسٹ کیے گئے ووٹس میں سے 55 فیصد ووٹ حاصل کیے۔ گزشتہ انتخابات میں روزینہ ایلن خان نے یہاں سے 30 ہزار سے زائد ووٹ لیے تھے۔ واضح رہے کہ

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 46

لاہور کے سی پی او اور بلال صدیق کمیانہ کیٹ اور ڈی آئی جی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

الخدمت آغوش ہوم کے باہمت بچوں کیلئے سالانہ پکنک کا اہتمام

پکنک کا مقصد بچوں کو احساس محرومی سے بچانا اور انہیں خوشیاں فراہم کرنا ہے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ثمینہ قریشی

کراچی (این این آئی) الخدمت کے کفش معمار میں قائم آغوش ہوم میں مقیم بچوں کے لیے سالانہ پکنک کا اہتمام کیا گیا۔ بچوں کو کڈز ایریا واٹر پارک لے جایا گیا، جہاں بچوں نے سلائیڈز اور سوئنگ پر خوب لطف اٹھایا۔ بچوں کی رہنمائی کے لیے الخدمت آغوش ہوم کے منیجر صعصب بن عبدالغفار، عملہ اور دیگر ذمہ داران موجود تھے۔

امن کونسل کا اجلاس، یوم فاروق رضی اللہ پر عام تعطیل کا مطالبہ

خلافت فاروق رضی اللہ عنہ قابل تقلید دور حکومت ہے، طارق محمود مدنی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عام تعطیل کا مطالبہ کیا گیا اور کہا گیا کہ خلافت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قابل تقلید دور حکومت ہے۔ اجلاس کی صدارت امن کونسل

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 56

5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، نوید بھٹی

شہدو شہید نے باوقار اور ایٹمی پاکستان کی تعمیر کی تھی، رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے سیکرٹری ریکارڈ اینڈ آپریشن نوید بھٹی نے کہا ہے کہ 5 جولائی پاکستان کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، آمین گلن ٹولے نے قذاری

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 55

کراچی، مختلف علاقوں میں 10 گھنٹے سے زائد لوڈ شیڈنگ جاری

ناظم آباد، گلشن اقبال اور گلشن معمار میں بھی بجلی کا اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ معمول بن گئی

بلدیہ ٹاؤن اور اورنگی ٹاؤن میں 10 گھنٹے سے زائد کی لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے۔ اسی طرح گزری، ملیر، لیاقت آباد، ایف ایریا، کارساز، نیو

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 54

کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 5 ڈاکو گرفتار

اسکیم 33، سچل گوٹھ، ماڑی پور روڈ اور پاپوش نگر قبرستان میں پولیس مقابلے ہوئے، پولیس

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس نے مقابلے کے بعد 5 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا جبکہ پولیس مقابلے ہوئے جس میں 5 ڈاکو زخمی ہوئے جن سے پستول، 4 موبائل فون اور نقدی بھی برآمد کی گئی۔ دوسری جانب کریم آباد کے تریب رُک کی

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 53

سی سی پی او لاہور کا ضلع کچہری کا دورہ، ٹریفک کی روانی کے انتظامات کا جائزہ

ٹریفک وارڈنز کی کارکردگی کو سراہا، ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اور ڈی آئی جی آپریشنز ٹریفک سٹی پولیس لاہور نے ضلع کچہری کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے ٹریفک وارڈنز کی کارکردگی کو سراہا اور ٹریفک کی روانی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ سی سی پی او لاہور نے ٹریفک وارڈنز کی حوصلہ افزائی کی اور ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز ٹریفک سٹی پولیس لاہور سید حسن رضا نقوی، ایس پی ٹریفک ایسٹ ڈویژن عمر سلطان چیمہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

پنجاب ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے بیسٹ بک اور بیسٹ آرٹیکل ایوارڈ جاری کرنے کا فیصلہ

مقابلے کے شرکا اساتذہ ہونگے۔ کامیاب ہونے والے اساتذہ کو لاکھوں روپے انعامات دیے جائیں گے۔ ڈاکٹر شاہد منیر

چیئرمین پنجاب ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا پی ایچ ای سی کے آفس ارفع کریم ٹاور میں

کتاب کی تقریب رونمائی سے خطاب

کراچی لانڈھی میں بچوں کی لڑائی میں گولیاں چل گئیں، فائرنگ سے 3 افراد زخمی

رشیوں کی شناخت ناظم فرقان اور اشعر کے نام سے ہوئی، فرار ملزم کی تلاش جاری ہے، پولیس

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے لانڈھی میں بچوں کی لڑائی میں گولیاں چل گئیں، جس کے نتیجے میں 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمیوں کو ملیر ماڈل کالے اسپتال منتقل کردیا جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں کی

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 58

آمر حقیقی اتحق پاکستان کے قانون اور پاکستانی قوم کی ترقی کا مجرم ہے، لالہ عبدالرحیم

کراچی (این این آئی) چیئرمین سراب گوٹھ ٹاؤن لالہ عبدالرحیم نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 جمہوریت کے لیے یوم سیاہ ہے کہ 5 جولائی 1977 ہوم کے غیر منصب بن عبدالغفار، عملہ اور دیگر ذمہ داران موجود تھے۔

امن کونسل کا اجلاس، یوم فاروق رضی اللہ پر عام تعطیل کا مطالبہ

خلافت فاروق رضی اللہ عنہ قابل تقلید دور حکومت ہے، طارق محمود مدنی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عام تعطیل کا مطالبہ کیا گیا اور کہا گیا کہ خلافت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قابل تقلید دور حکومت ہے۔ اجلاس کی صدارت امن کونسل

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 56

پانچ جولائی کو کوئی بھی جمہوریت پسند پاکستانی اچھے الفاظوں میں یاد نہیں کرتا، جمیل ضیا

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے جنرل سیکرٹری و ٹاؤن چیئرمین اورنگی ٹاؤن جمیل ضیا نے کہا ہے کہ پانچ جولائی کا دن تاریخ کا وہ بدترین دن ہے جس کو کوئی بھی جمہوریت پسند پاکستانی اچھے الفاظوں میں یاد نہیں کرتا، آج کے دن 1977ء میں ایک آمر نے ملک کے پہلے

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 60

صوبائی محتسب نے ایل پی جی سلنڈرز کی شہری علاقوں میں فروخت پر سوموٹو نوٹس لے لیا

کراچی (این این آئی) صوبائی محتسب ڈاکٹر سہیل راجپوت نے ایل پی جی سلنڈرز کی شہری علاقوں میں فروخت اور اضافی خود ساختہ مقامات پر سلنڈرز کی ذخیرہ اندوزی پر سوموٹو نوٹس لیا ہے۔ محتسب آفس میں ذخیرہ اندوزی کی جانب سے موصولہ درخواست پر سوموٹو نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دنوں حیدرآباد میں رائٹس

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 62

جیکب آباد کے کمینوں کا صفائی نہ ہونے کے خلاف احتجاج

جگہ جگہ گندگی کے ساتھ سڑکوں پر گندا پانی تالاب کی صورت میں موجود ہے، مظاہرین

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد کے کمینوں نے صفائی نہ ہونے کے خلاف احتجاج کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے جتوئی کے کمینوں کے علاقے میں صفائی نہ ہونے کے خلاف احتجاج کیا، علاقہ مکینوں نے حاجی مشتاق خاروانی، ٹھیل لاشاری کی قیادت میں احتجاج کرتے ہوئے سڑک پر دھرنا دیا اور ٹریفک روک

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 63

یوٹیلیٹی کارپوریشن ملازمین نے ڈاکو سے مل کر اپنے ہی افسر سے 40 لاکھ بھتہ مانگ لیا

کارروائی کے دوران 2 ملازمین کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور ایک ملازم نے افسر کی رہائی کرنے کا اعتراف بھی کیا ہے، پولیس

کارپوریشن ملازمین نے تعینات اسسٹنٹ کمشنر سے 40 لاکھ روپے بھتہ مانگنے میں ملوث تھے، پولیس کے مطابق سکھر کینال پولیس نے 3 کے سرکاری ملازمین ڈاکو کے ساتھ مل کر اپنے ہی افسر کو اغوا کیا تھا، اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی کارپوریشن سکھر

باقی صفحہ 7جثیہ نمبر 64



لاہور میں چیف سیکرٹری اکبل گوندل آسیگل نگہبانہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

روداں سال بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کیلئے 4 ارب کا اضافی بجٹ مختص

لاہور (این این آئی) حکومت نے بچوں کے حفاظتی ٹیکے لگانے کے پروگرام کا بجٹ بڑھا دیا۔ گزشتہ مالی سال میں ای پی آئی پروگرام کیلئے 14 ارب روپے مختص کیے گئے تھے جبکہ رواں مالی سال میں اس مد میں 18 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ رواں مالی سال میں حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کیلئے 4 ارب روپے کا اضافی بجٹ دیا گیا ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
سینئر ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر کرسپانڈنٹ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احمد محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران عزیمت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہزاد میاں
ڈپٹی ایڈیٹر	ریگل ایڈیٹوریل ڈیسک پر ذمہ داریاں
	مشتاق احمد یوسف نے تجارت پر تنزلہ سے بچنا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
	آفس نمبر 2، بلاسیون کمپلیکس، 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور، سنیئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب ہلی سکول رل انسداد ڈوگ ایشن پلان بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں